یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور

نوٹس برائے

الحاق کالجز تعلیمی سال 2025-2024

- پنجاب یونیورسٹی نے تعلیمی سیشن 2025-2024 کے لیے الحاق شدہ تعلیمی اداروں کی مدت الحاق میں توسیع، اضافی مضامین کا الحاق، نشستوں کے اضافہ اور نئے اداروں کے الحاق کے لیے مکمل کوائف کے ساتھ درخواست دینے کی آخری تاریخ **31** مئی **2024**ء مقرر کی ہے۔
- لہٰذا تمام الحاق شدہ سرکاری و غیر سرکاری تعلیمی ادارے مدت الحاق میں توسیع، نشستوں میں اضافہ، اضافی مضامین کے لیے اور غیر الحاق شدہ تعلیمی ادارے الحاق کے لیے اپنے مکمل کوائف بمعہ کالج وزٹ فیس (سرکاری اور غیر سرکاری دونوں کالجز کے الحاق کے لیے) اور سیکورٹی فیس (غیر سرکاری کالجز کے الحاق کے لیے) مقرر کردہ تاریخ سے پہلے شعبہ الحاق، کمرہ نمبر 126، ایڈمن بلاک، نیو کیمپس میں جمع کروا دیں تاکہ قواعد و ضوابط کے مطابق بروقت کارروائی کی جا سکے۔ **31** مئی **2024**ء کے بعد موصول ہونے والی یا نامکمل فائل پر کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

نوٹ

- وزٹ فیس اور سیکورٹی فیس کے بغیر وصول ہونے والی درخواست/ فائل نامکمل تصور کی جائے گی۔
- یونیورسٹی سے الحاق کے بغیر کوئی کالج کسی بھی پروگرام میں داخلے کرنے کا مجاز نہیں ہے، نیز تمام الحاق شدہ ادارے یونیورسٹی کی طرف سے مختص کردہ نشستوں سے زائد داخلے کرنے کے بھی مجاز نہیں ہیں۔ یونیورسٹی کے نام پر الحاق کے بغیر داخلے کرنے یا مختص کردہ نشستوں سے زائد داخلے کرنے پر کالج کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی اور یونیورسٹی ان طلبہ کے حوالے سے کسی لحاظ سے ذمہ دار نہ ہوگی۔
- الحاق کے قواعد و ضوابط، وزٹ فیس اور سیکورٹی فیس کی تفصیلات، متعلقہ فارمز اور تمام الحاق شدہ اداروں کی فہرست بمعہ پروگرام اور ان میں نشستوں کی تعداد کالجز اور عوام کی سہولت کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ **www.pu.edu.pk/affiliation** پر موجود ہے۔

مزید رہنمائی کے لیے "شعبہ الحاق، کمرہ نمبر **126**، ایڈمن بلاک، پنجاب یونیورسٹی سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

فون نمبر: **042-99230321**، ای میل: **draffiliation@pu.edu.pk**

SPL#331

رجسٹرار، پنجاب یونیورسٹی، لاہور